فوری ریلیز کے لیے: 20/9/2022 ***KATHY HOCHUL گورنر***

## ***گورنر HOCHUL نے کوینز میں 80$ ملین کے معاونتی رہائشی منصوبے کے افتتاح کا اعلان کیا***

### ***دی کیرا، جمیکا میں کم قیمت اور معاونتی رہائش کے 139 یونٹ فراہم کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج جمیکا، کوینز میں 80$ ملین کے کم قیمت اور معاونتی رہائشی کے منصوبے، دی کیرا کے افتتاح کا اعلان کیا۔ اس میں ایک نئی تعمیر شدہ، 21 منزلہ متفرق استعمال کی عمارت شامل ہے جس میں کم قیمت اور معاونتی رہائش کے 139 یونٹ ہیں، جن میں 69 میں معاونتی خدمات دستیاب ہیں۔

"معاونتی رہائش ہمارے یہ یقینی بنانے کے کام کا ایک اہم جزو کہ نیو یارک کے تمام شہریوں کے پاس گھر کہنے کے لیے ایک محفوظ، حسب استطاعت جگہ ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "دی کیرا بے گھری اور گھریلو تشدد کا شکار خواتین کو اس معاونت اور ان خدمات تک آسان رسائی فراہم کرے گا جن کی انہیں ضرورت ہے اور ان کو اپنی اور اپنے بچوں کے لیے بہتر زندگیاں بنانے کا حق حاصل ہے۔"

دی کیرا گورنر Hochul کے رہائش کو مزید کم قیمت، مساوی اور مستحکم بنانے کے وسیع منصوبوں کی تکمیل کرتا ہے۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے 25$ بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ متعارف کروایا اور اسے کامیابی سے منظور کروایا ہے جو نیو یارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھروں کی تعمیر یا بحالی کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں کمزور آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں کو بجلی کی فراہمی شامل ہے۔

New Destiny Housing, BFC Partners اور SMJ Development کے تیار کردہ، دی کیرا میں 38 اسٹوڈیو یونٹ، 64 ایک بیڈروم والے یونٹ اور 37 دو بیڈروم والے یونٹ شامل ہیں، جن میں ایک موقع پر موجود بلڈنگ سپرنٹنڈنٹ کے لیے مختص ہے۔ کل 32 ایک بیڈروم والے اور 37 دو بیڈروم والے یونٹس کو ان گھریلو تشدد کا سامنا کرنے والوں کے لیے مختص کیا جائے گا جن کی آمدنی علاقے کی اوسط آمدنی کا 40 فیصد یا اس سے کم ہے۔ باقی یونٹس کو ان گھرانوں کے لیے مختص کیا گیا ہے جن کی آمدنی AMI کے 80 فیصد سے کم ہے۔

سہولیات میں بچوں کی تفریح کا کمرہ، فٹنس روم، کپڑے دھونے کی سہولیات اور کھلی ہوا میں سرگرمیوں کی جگہ شامل ہے۔ اس منصوبے میں زمینی منزل پر 5,000 مربع فٹ سے زیادہ خوردہ فروشی کی جگہ بھی ہے۔ موقع پر موجود معاون منصوبوں اور معاونتی رہائشی عملے کے لیے ایک وقف کمیونٹی روم اور دفاتر بھی ہیں۔

دی کیرا کا توانائی کا موثر استعمال کرنے والا ڈیزائن اور خصوصیات انٹرپرائز گرین کمیونٹی سرٹیفیکیشن اور گھروں اور کمیونٹی کی تجدید رہائشی فنانس ایجنسی کے لازمی گرین اینڈ توانائی سرٹیفیکیشن معیارات پر پورا اترتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کا دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت، امپائر اسٹیٹ کے معاونتی رہائش کے اقدام کے ذریعے معاونتی خدمات کے لیے آپریٹنگ فنڈنگ میں سالانہ 1.7$ ملین فراہم کررہا ہے۔

دی کیرا کے لیے ریاستی مالی اعانت میں مستقل ٹیکس سے مستثنیٰ بانڈز، وفاقی کم آمدنی والے رہائشی ٹیکس کریڈٹس میں 19.2$ ملین شامل ہیں جو 26.1$ ملین کی ایکویٹی اور ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید سے 29$ ملین کی سبسڈی حاصل کریں گے۔ 2011 کے بعد سے، ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید نے نیو یارک شہر میں 42,300 سے زیادہ کم قیمت مکانات اور اپارٹمنٹس بنانے یا ان کے تحفظ کے لیے کثیر خاندانوں والی عمارتوں میں 11.49$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ ان میں سے تقریباً 4,000 کوینز میں ہیں۔

**ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ان خاندانوں کے لیے جو اب ان 139 کم قیمت اپارٹمنٹس کو گھر کہتے ہیں، دی کیرا کی قیمت رئیل اسٹیٹ میں 80$ ملین کی سرمایہ کاری سے کہیں زیادہ ہے۔ ایک مستحکم اور کم قیمت اپارٹمنٹ اور زندگی بدلنے والی معاونتی خدمات تک رسائی کے ساتھ، رہائشی اپنی صحت پر توجہ مرکوز کر سکیں گے اور نئے مواقع اور مستقبل کی کامیابیوں پر نظر رکھیں گے۔ گورنر Hochul اور New Destiny Housing اور ہمارے دیگر شراکت داروں کے شانہ بشانہ، یہ نئی پیش رفت ہمارے ساتھی نیو یارک کے شہریوں کی صحت اور حفاظت کے لیے ہمارے مشترکہ عزم کی علامت ہے۔"

**ریاست نیویارک کے عارضی اور معذوری کی معاونت کے دفتر کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "معاونتی خدمات تک آسان رسائی کے ساتھ محفوظ، کم قیمت رہائش فراہم کرکے یہ منصوبہ ریاست نیو یارک میں بے گھری سے نمٹنے کے لیے ہماری جاری کوششوں کی زندہ مثال ہے۔ دی کیرا بلاشبہ نہ صرف وہاں رہنے والوں کی زندگیوں پر بلکہ پوری کمیونٹی پر مثبت اثر ڈالے گا اور ہم New Destiny اور اپنے دیگر شراکت داروں کو اس کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔"

**New Destiny Housing کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Nicole Branca نے کہا،** "گھریلو تشدد کے متاثرین کو اکثر صرف ان دو میں سے انتخاب کرنا پڑتا ہے کہ وہ خطرناک حالات میں رہیں یا بے گھر ہو جائیں۔ یہ خوبصورت نئی عمارت مقامی تشدد کا شکار افراد کی زیر سربراہی 69 بے گھر خاندانوں کو محفوظ بننے اور اپنی زندگی کی تعمیر نو شروع کرنے کے قابل بنائے گی۔ اور ہماری موقع پر موجود صدمے سے متعلق آگاہی کی خدمات متاثرین کو اپنے نئے گھروں میں محفوظ اور مستحکم رہنے میں مدد کریں گی۔ منصوبے کے پارٹنرز SMJ Development اور BFC Partners اور ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے فنڈرز اور ویلز فارگو کے ساتھ ساتھ امپائر اسٹیٹ معاونتی رہائش کے اقدام کا بھی شکریہ جو ہمیں بچ جانے والوں کے لیے معاونت فراہم کرنے کے قابل بناتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کرایہ حسب استطاعت ہو۔"

**SMJ ڈیولپمنٹ کے پرنسپل Juan Barahona نے کہا،** "دی کیرا کا شاندار افتتاح ان گنت رکاوٹوں کا برسوں ثابت قدمی سے سامنا کرنے کی تکمیل ہے۔ جو کچھ ہمارے کچھ رہائشیوں نے محفوظ، حسب استطاعت، مستقل رہائش کے حصول کی خاطر برداشت کیا یہ اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے BFC Partners اور New Destiny کے ساتھ مل کر اس منصوبے کو حقیقت بنانے میں اپنا کردار ادا کیا۔ میں جانتا ہوں کہ ہماری اجتماعی کوششوں نے ڈاؤن ٹاؤن جمیکا میں ایک اہم محفوظ پناہ گاہ فراہم کی ہے۔"

**Donald Capoccia، منیجنگ پرنسپل، BFC Partners، نے کہا،** "نیو یارک شہر کی سب سے کمزور آبادیوں سے وابستگی کا ایک طویل ٹریک ریکارڈ رکھنے والے ایک ڈویلپر کی حیثیت سے، میں خاص طور پر دی کیرا کے نئے باشندوں کو محفوظ، اعلی معیار کے اپارٹمنٹس میں منتقل ہوتے ہوئے دیکھ کر عاجزی محسوس کرتا ہوں کہ وہ فخر کے ساتھ ان کو گھر کہہ سکتے ہیں۔ ہماری متنوع ترقیاتی ٹیم کی امید یہ ہے کہ جب کہ حسب استطاعت گھروں میں نیو یارک کے باشندوں کو رہائش دینے کا کام جاری ہے، دی کیرا کو مستقبل کی پیشرفت کے ماڈل کے طور پر دیکھا جائے گا۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418